شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

24 دسمبر 2022

پریس ریلیز

مغربی ممالک میں اخلاقی جرائم کی شرح ترقی پذیر ممالک سے کہیں زیادہ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو روحانی وجود عطا کر کے اسے اشرف المخلوقات کے اعزاز سے نوازا۔

اسلام کے نظام عدل کے نفاذ سے ہی انسانی حقوق کی پاسداری اور تحفظ ممکن ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): ترقی یافتہ اور ویلفیئر سٹیٹس کے حامل ممالک میں خودکشی سمیت اخلاقی جرائم کی شرح ترقی پزیر اور پسماندہ ممالک کی نسبت کہیں زیادہ ہے۔انسان محض گوشت پوست کے مجموعے کا نام نہیں ہے بلکہ اللہ تعالی نے انسان کو روحانی وجود عطا کر کے اسے اشرف المخلوقات کا اعزاز بخشا۔ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے جنرل ہسپتال لاہور کے نیورو آڈیٹوریم میں ڈاکٹرز، پروفیسرز اور نرسز کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ مغربی ممالک میں سماجی اقدار کی تباہی و بربادی سے خاندان کا ادارہ شکست وریخت کا شکار ہو چکا ہے۔ سماجی عدل اور معاشی انصاف پر مبنی اسلامی نظام حیات پر عمل پیرا ہو کر ہی انسانیت کو موجودہ تباہ کن سماجی اور معاشی بحران سے نجات مل سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیوی تعلیم و ترقی کے اس عہد حاضر میں انسان ڈاکٹر کے مشورہ سے تو اللہ کی حلال اور جائز چیزوں کا استعمال بھی ترک کر دیتا ہے مگر اپنے خالق ومالک کے حرام کردہ سود، جوئے اور بدکاری جیسے گھناؤنے جرائم چھوڑنے کے لئے آمادہ نہیں ہے۔انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیاستدانوں اور بعض متشدد مذہبی گروہوں کے غیر اخلاقی اور نفرت انگیز بیانیہ کی وجہ سے پورا معاشرہ اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار ہو چکا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے نظام عدل کے نفاذ سے ہی انسانی حقوق کی پاسداری اور تحفظ ممکن ہے۔قرآن پاک کو کتابِ انقلاب کی حیثیت حاصل ہے لہٰذا قرآن کو راہبر و راہنما بنانے سے ہی دنیا میں ہر قسم کے ظلم و ناانصافی اور جہالت و نفرت کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایٹمی قوت، میزائل ٹیکنالوجی اور ہر قسم کے مادی وسائل کا حامل پاکستان حکمرانوں کی نااہلی اور کرپشن کی وجہ سے بھکاری بن کر آئی ایم ایف اور دیگر عالمی مالیاتی اداروں کا غلام بن چکا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت بلاتاخیر سودی نظام کو ختم کر کے اسلام کا معاشی نظام رائج کرے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 24 December 2022

"The crime rate of Western nations is significantly higher than that of developing countries."

"Allah (SWT) bestowed upon humans the honor of being the best of creation by breathing into them the 'spirit'."

"The protection and defense of human rights is only possible through the establishment of Islam's system of absolute justice."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The prevalence of social evils, as well as the rate of suicide, is significantly greater in developed countries and 'welfare states' of the West as compared to developing countries. A human is not merely combination of meat and bones; Allah *(SWT)* bestowed upon humans the honor of being the best of creation by breathing into them the 'spirit'. These views were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in the Neuro Auditorium of General Hospital Lahore, in an address to a large gathering of doctors, professors and nurses. He said that the family institution in Western countries has been destroyed and reduced to triviality due to the perversion and devastation of moral values. Humanity's salvation from the present state of societal and economic crises lies only in the adoption of the systems of societal justice and economic equality based on the Islamic principles. He stated that in this era of materialistic education and progress, a person abandons things made permissible for him by Allah (SWT) on some doctor's advice, yet remains adamant on sin at the prospect of leaving utterly despicable crimes such as interest, gambling and adultery, which his Creator and Sustainer has declared forbidden. The Ameer expressed great regret over the fact that immoral and hateful views of politicians and some extremist religious groups have driven the entire society into moral bankruptcy. The reality is that the protection and security of human rights is only possible through the establishment of Islam's system of absolute justice. The Qur'an has the unique role of being an instrument of revolution, therefore, only in adopting it as a guide lies the hope for eradication of all kinds of hatred, oppression and injustice from the world. He said that Pakistan, a state possessing nuclear power, missile technology, and all types of material resources, has been reduced to a pathetic state of slavery to the IMF and other international financial institutions, solely because of the incompetency and corruption of its leaders. He demanded that the government must eradicate interest-based economy and establish an economic system based on Islamic foundations without further delay.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan